Official Spokesperson's response to media queries regarding Pakistan's proposal to reopen the Kartarpur corridor

October 03, 2020

کرتار پور راہداری دوبارہ کھولنے کی پاکستان کی تجویز سے متعلق میڈیا کے سوالات پر سرکاری ترجمان کا جواب

03 اکتوبر، 2020

کرتار پور راہداری کو دوبارہ کھولنے کے پاکستان کی تجویز سے متعلق میڈیا کے سوالات کے جواب میں، سرکاری ترجمان شری انوراگ سریواستو نے کہا:

جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ کووڈ 19 پھیلنے کے پیش نظر نقل وحرکت معطل کردی گئی تھی۔ ہم تمام متعلقہ حکام کے ساتھ رابطے میں رہتے ہیں جن میں وزارت داخلہ اور صحت وخاندانی بہبود شامل ہیں۔ کرتار پور راہداری کو دوبارہ کھولنے کا فیصلہ کووڈ پروٹوکول اور پابندیوں میں نرمی اور سہولت کے مطابق لیا جائے گا۔

گذشتہ سال کرتار پور راہداری کے افتتاح کے وقت اور اکتوبر 2019 میں طے شدہ دوطرفہ معاہدے میں، یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ دونوں فریق زائرین کی محفوظ اور بنا پریشانی کے نقل وحرکت کے لئے جلد ہی بوڑھی راوی چینل پر ایک پل کی تعمیر سمیت ضروری انفراسٹرکچر قائم کریں گے۔ زائرین کی اس کے ایک سال بعد، پاکستان نے ابھی تک پُل تعمیر نہیں کیا ہے جبکہ یہ پل ہماری طرف سے بالکل تیار ہے۔ پاکستان کے ساتھ ایک تکنیکی ملاقات بھی ہوئی تھی، اور دونوں فریقین کا اجلاس 27 اگست 2020 کو ہوا تھا۔ تاہم پاکستان کی جانب سے ابھی تک کوئی پیشرفت نہیں ہوئی ہے۔

نئی دہلی

03 اکتوبر، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.